سوال

(10) روزہ کی حالت میں حیض کا آنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے روزہ رکھا ہوا ہے، صرف دن غروب ہونے میں دس منٹ باقی ہیں یا اس سے بھی کم وقت ہے، اور اس کو حیض آ جاتا ہے، کیا وہ اس وقت اپنا روزہ افطار کرے یا دس منٹ یا کم وپیش انتظار کرکے بعد کھولے اور یہ روزہ اس عورت کا شمار ہوگا یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس کا روزہ ٹوٹ چکا ہے، باقی کھانے پینے میں اس کو اختیار ہے جس طرح چاہے کرلے۔ جب روزہ ٹوٹ چکا ہے تو قضا ضروری ہے، یہاں منٹوں کا کوئی حساب نہیں۔ حیض روزے کی ضد ہے، دونوں جمع نہیں ہوسکتے۔ (فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۵۶۳) (عبداللہ امرتسری روپڑی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 94